مقالہ ہذا تین ابواب اور نو(9) ذیلی فصول پر مشتمل ہے

باب اول: نبوت ورسالت سے متعلق ہے۔اس میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ان فصول میں نبی اور رسول کی تعریف،انکو مبعوث کرنے کی حکمتیں،اسلام کی عالمگیریت اور قرآن وحدیث کی روشنی میں عقیدہ ختم نبوت کو بیان کیا گیا ہے۔

باب دوم: انکار ختم نبوت اور امت کا رد عمل کے متعلق ہے۔اس باب میں تین فصول قائم کی گئی ہیں۔ان فصول میں معروف مدعیان نبوت،برصغیر پاک وہند میں فتنہ انکار ختم نبوت کے محرکات اور قادیانیت کے اجمالی جائزہ کا ذکر ہے۔

باب سوم: 1974ء کی تحریک ختم نبوت کے اثرات پر مشتمل ہے۔اس باب کے تحت تین فصول قائم کی گئی ہیں۔فصل اول تحریک ختم نبوت 1974ء کے محرکات کے متعلق ہے،فصل دوم 1974ء اور اسکے بعد رونما ہونے والے واقعات کے متعلق ہے۔فصل سوم میں تحریک ختم نبوت 1974ء کے مذہبی،سیاسی،معاشی اور معاشرتی اثرات کو بیان کیا گیا۔